303 (Old Syllabus)

III

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No. | | | | | | | | | | |

Part - II
URDU, Paper - I
(Second Language)

Time : 3 Hours] *[Max. Marks : 100*

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

1. مندرجہ ذیل اشعار میں سے کوئی دو (2) اشعار کی تشریح کیجئے : 2 × 3 = 6

(1) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(2) میں چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کھل گیا
بلبلیں سُن کر مرے نالے غزل خواں ہوگئیں

(3) یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبلِ بیتاب، گفتگو کرتے

(4) زمانہ ہے کہ گزرا جا رہا ہے
یہ دریا ہے کہ بہتا جا رہا ہے

2. متن کے حوالے سے کوئی دو کی تشریح کیجئے : 2 × 5 = 10

(1) ''عورت گالیاں سہتی ہے، مار سہتی ہے مگر میکے کی نندا نہیں سہی جاتی۔''

(2) ''گلاب کے کانٹے سوکھ جائیں تو پھینک دینے کے قابل - کیکر کے کانٹے سوکھ کر گھروں اور کھیتوں کی حفاظت کریں۔''

(3) ''کیا کروں، مجبور ہوں، جائیداد کا مقدمہ ہے۔ نہیں جاتا ہوں تو خاندانی جائیداد جاتی ہے، ورنہ بھائی تم جانتے ہو کہ ہمارے خاندان کو سفر سے کیا علاقہ ؟''

(4) ''ان کے قلم اور آواز میں بڑا زور تھا۔ ان کے چہرے سے ان کی طباعی اور ذہانت معلوم ہوتی تھی۔''

3. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : 1 × 8 = 8

(1) چاند اور تارے

(2) ہم دیکھیں گے

4. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے : 1 × 8 = 8

(1) مرزا صاحب نے سفر کے لئے کیا کیا تیاریاں کیں ؟

(2) افسانہ ''بڑے گھر کی بیٹی'' کا خلاصہ لکھئے۔

5. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے : 1 × 8 = 8

(1) ''جمالِ امجد'' سے بے محل ہمدردی کا واقعہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(2) ڈاکٹر عبدالکلام کی ابتدائی زندگی کے واقعات تحریر کیجئے۔

6. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات لکھئے : 2 × 5 = 10

(1) منشی پریم چند پر ایک نوٹ لکھئے۔

(2) مخدوم محی الدین حیدرآبادی کے شعری مجموعے کونسے ہیں ؟

(3) علامہ اقبالؔ پر ایک نوٹ لکھئے۔

(4) غالبؔ کی شاعری کی خصوصیت بیان کیجئے۔

7. مندرجہ ذیل کے صحیح جواب لکھئے : 5 × 1 = 5

(1) خدائے سخن کے شاعر کون تھے ؟

(2) ''اہلِ وطن سے خطاب'' نظم کس شاعر نے لکھی ؟

(3) ''بانگ درا'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے ؟

(4) نظم ''اندھا'' کس شاعر نے لکھی ؟

(5) جگر مرادآبادی کے شعری مجموعوں کے نام بتایئے۔

8. خالی جگہوں کو صحیح جواب سے پُر کیجئے : **5 × 1 = 5**

(1) بابائے اردو ________ کا خطاب ہے۔

(2) ''گلاب تمہارا کیکر ہمارا'' انشائیہ ________ نے لکھا۔

(3) شاعرِ مشرق ________ کو کہتے ہیں۔

(4) ''جلنا اور بجھنا'' سائنسی مضمون ________ نے لکھا۔

(5) 'آنندی' ________ افسانہ کا کردار ہے۔

9. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے : **5 × 1 = 5**

''لوہے کا زنگ کھانا بھی احتراق ہی ہے۔ اشیاء کا جلنا تیز رفتار احتراق ہے اور لوہے کا زنگ کھانا سست رفتار احتراق۔ سفید کاغذ کا رنگ پرانا ہوکر زردی حائل ہو جاتا ہے۔ یہ بھی ایک سست رفتار احتراقی عمل کا نتیجہ ہے۔ سست رفتار احتراق کبھی کبھی خطرناک صورت حال بھی اختیار کر جاتا ہے۔''

(1) لوہے کا زنگ کھانا کیا کہلاتا ہے ؟

(2) اشیاء کا جلنا کونسا احتراق ہے ؟

(3) لوہے کا زنگ کھانا کونسی رفتار کا احتراق ہے ؟

(4) سفید کاغذ کا رنگ پرانا ہوکر کیسا ہو جاتا ہے ؟

(5) کونسی رفتار احتراق سے خطرناک صورت حال پیدا ہوتی ہے ؟

10. ذیل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں درج کیجئے : **5 × 1 = 5**

(1) خطاب (2) عرف (3) اسم خاص

(4) اسمِ آلہ (5) اسمِ کیفیت

11. ضمیر کی تعریف کیجئے اور اس کی قسموں کے نام بتایئے۔ **1 × 5 = 5**

12. ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کیجئے :

5 × 1 = 5

(1) قطب مینار بلند عمارت ہے۔

(2) ساجدہ ذہین لڑکی ہے۔

(3) موسم ! آج خوشگوار ہے۔

(4) گلاب کا پھول عمدہ ہے۔

(5) دنیا میں قابل انسان کی قدر ہوتی ہے۔

13. ذیل کے کوئی پانچ الفاظ کی ضد لکھیے :

5 × 1 = 5

(1) طاقتور (2) عروج (3) دن (4) نیکی (5) شام

(6) جھوٹ (7) غریب (8) قدیم (9) اُجالا (10) بُرا

14. ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کے واحد یا جمع لکھیے :

5 × 1 = 5

(1) تصاویر (2) شخص (3) اوراق (4) اخبار (5) اُمنگیں

(6) صاحب (7) اجسام (8) شاعر (9) لڑکی (10) کُتب

15. ذیل میں سے پانچ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھیے :

5 × 1 = 5

(1) چمار (2) بندریا (3) شاعر (4) دھوبن (5) ہاتھی

(6) مالن (7) شیر (8) مرد (9) رانی (10) والدہ

16. انگریزی عبارت کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

1 × 5 = 5

The Taj Mahal is a beautiful monument built in 1631 by an Emperor named Shahjahan in the memory of his wife Mumtaz Mahal. It is situated on the banks of river Yamuna at Agra.